لیکن آدم کے علاوہ تمام بشر کو بھی جنت میں جانے کے لئے آئندہ آنے والی آیتوں میں ان اصولوں اور ضوابط کی طرف اشارہ ہے جن پر چل کر انسان جنتی ہوسکتا ہے وگرنہ جہنم اس کا ٹھکانا ہوگا۔

فائدہ(۱۱): شیخ عبدالرحمٰن کیلانی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر (تیسیر القرآن) میں زیر تفسیر آیت کے تحت فرشتوں اور جنات کے متعلق ایک طویل بحث کی ہے جس میں ان کے مختلف اقسام بیان کیے ہیں اور منکرین وجود ملائکہ کی خوب تردید کی ہے۔

☆☆☆☆☆

تبصرے کی میز پر

نام مجلہ ''دعوت اہلحدیث'' (ماہنامہ) خصوصی اشاعت ''دفاع حدیث'' نمبر اپریل 2008ء صفحات: 225

ملنے کا پتہ: تیسری منزل مرکزی جامع مسجد محمدی اہل حدیث پکا قلعہ چوک حیدرآباد سندھ

قرآن کریم اور حدیث نبوی کے درمیان رشتہ چولی دامن کا ہے۔ سنت نبوی کو مسترد کرکے بہت سارے تکالیف شرع سے جان چھڑانے کے لیے صحابہ کرام کے بعد کے دور سے آج تک نبوی پیشگوئی کے مطابق مختلف ناموں اور شکلوں میں بہت سے مکاتب فکر سرگرم عمل ہیں۔ لیکن (لکل فرعون موسی) کے مصداق سنت نبوی کے دفاع میں طائفہ ناجیہ پیش پیش ہے۔

ماہنامہ دعوت اہلحدیث اپریل کا شمارہ ''دفاع حدیث نمبر'' اپنے موضوع پر خصوصی شمارہ ہے۔ جس میں حجیت حدیث پر سیر حاصل مدلل بحث کی گئی ہے۔

اس موضوع پر مسلک اہلحدیث کی قدآور شخصیات نے قلم اٹھایا ہے۔ کتاب وسنت میں تفریق وتحریف، حدیث نبوی کا مقام، منکرین حدیث کا رد، افکار پرویز، دفاع حدیث اور علمائے حدیث، برصغیر میں فتنہ انکار حدیث وغیرہ مضامین اپنے مدعا پر کافی وشافی ہیں۔

ایک محب رسول ﷺ کے پاس ہر رنگ وبو کے حامل اس خصوصی نمبر کا ہونا ضروری ہے۔ بذریعہ ڈاک منگوانے والے احباب صرف مبلغ =/50 روپے منی آرڈر کرکے ''دفاع حدیث'' نمبر کے دو نسخے حاصل کرسکتے ہیں۔

تبصرہ نگار: (عبدالرحیم روزی)